الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء
ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

سیریل نمبر 6984
نام mohammad farooq
فتویٰ نمبر
پتہ
تاریخ 8/22/2009
موضوع توحید
ای میل
کاتب طاہر مسعود

السلام علیکم

توحید بالصفات سے کیا مراد ہے۔

(i) اس کے حق میں قرآن کی کوئی آیت کا حوالہ دیں۔ آیت کا حوالہ اور ترجمہ بھی بتائیے؟

(ii) توحید بالصفات کے حق میں احادیث بتائیں۔ احادیث کا حوالہ اور ترجمہ بھی بتائیے؟

(iii) توحید پر کسی اچھی کتاب کا نام اور مصنف کا نام بتائیں؟

والسلام
محمد فاروق

الجواب حامداً ومصلیاً

توحید بالصفات کا مطلب یہ ہے جس طرح اللہ تبارک وتعالیٰ اپنی ذات میں یکتا ہے اسی طرح اس کی صفات مثلاً قدرت، علم، سمع، بصر، رزق دینے، اولاد دینے، موت وحیات کا مالک ہونے، نفع ونقصان، عزت وذلت دینے اور تحریم وتحلیل وغیرہ میں اس کو یکتا مانا جائے اور مخلوق میں سے کسی کے لیے ان صفات کو اللہ جیسی تسلیم نہ کیا جائے۔

توحید بالصفات کے بارے میں قرآن مجید میں متعدد آیات مذکور ہیں، یہاں پر بطور نمونہ صرف ایک آیت ذکر کی جاتی ہے جس میں باری تعالیٰ نے اپنی چند صفات

(---جاری ہے)

ذکر کر کے فرمایا کہ کیا تمہارے شرکاء میں سے بھی کوئی ایسا ہے جو ان کاموں میں سے کوئی کام کر دکھائے

اللہ الذی خلقکم ثم رزقکم ثم یمیتکم ثم یحییکم ط هل من شرکائکم من یفعل من ذلکم من شی ط سبحنه وتعلی عما یشرکون ○ (الروم: ۴۰)۔

"اللہ وہ ہے جس نے تمہیں پیدا کیا، پھر اس نے تمہیں رزق دیا، پھر وہ تمہیں موت دیتا ہے، پھر تمہیں زندہ کرے گا۔ جن کو تم نے اللہ کا شریک مانا ہوا ہے، کیا ان میں سے کوئی ہے جو ان میں سے کوئی کام کرتا ہو؟ پاک ہے وہ اور بہت بالا و برتر اس شرک سے جس کا ارتکاب یہ لوگ کرتے ہیں" ۔ (آسان ترجمۂ قرآن)۔

ایسے ہی احادیث طیبہ میں سے بھی ایک حدیث پاک ملاحظہ ہو:

عن محمد بن عمرو بن حلحلة الدؤلی (الی قوله) فسمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یخطب الناس فی ذلک علی منبره هذا (الی قوله) وانی لست احرم حلالا ولا احل حراما۔ الحدیث (صحیح البخاری، باب ما ذکر من درع النبی صلی اللہ علیه وسلم، ج: ۱، ص۴۳۸)۔

ترجمہ: ...... مسور بن مخرمہ نے کہا.... میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس منبر پر لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے... میں نہ تو کسی حلال کو حرام کرتا ہوں اور نہ حرام کو حلال-----"۔

توحید سے متعلق کتاب "توحید اور شرک کی حقیقت" مؤلفہ مولانا سید نور الحسن شاہ بخاری کا مطالعہ انشاء اللہ مفید ہوگا۔ واللہ ھو الموفق۔

محمد طاہر مسعود عفی عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ کراچی ۱۶

۱۴ / ۴ / ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۴ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
عبد اللہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۵ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ

دار الافتاء
فتوی نمبر ۶۹۸۴
۱۴۳۲/۴/۲۹
جامعہ بنوریہ العالمیہ سائٹ کراچی

4/4/2011